--بچی نے انکھیں نہیں کھولیں

-- یاسرہ کا ممتا سے چور لہجا بھی روتا ہوا سا تھا

وہ ابرش کے بیڈ کے پاس آگئیں --- جسکی آنکھیں بند تھیں اور اسکی گھنیں پلکیں کبھی کبھی کانپنے لگتیں--

اسکا دو دن قبل کار ایکسیڈنٹ ہوا تھا -- اسکی کار سے ایک ٹرک لگا تھا اور اسکی گاڑی الٹاتا ہوا آگے نکل گیا --- ابرش کسی سازش کا شکار ہوگئی تھی --

اسکی بہن اور بہنوئی دونوں وکیل تھے اسفند بھائی اکلوتے تھے اور انکی ماں نہیں رہی تھیں اور والد ویسے ہی محدود رہتے تھے گھر ہی گھر میں اس لیے ٹارگیٹ ابرش کو بنایا گیا اور اب وہ کوما میں تھی----اور جس ڈاکٹر سے عقیل ملنے آنے والا تھا وہ اسے ہاسپٹل میں ہوتے تھے

—

گاڑی سے نکل کر بڑے بڑے قدم اُٹھاتا ہاسپٹل میں داخل ہوا --کیونکہ ڈاکٹر شکیل ڈیڈی کے دوست تھے تو عقیل کسی نرس سے پوچھتا ہوا ابرش کے روم تک پہنچ گیا --کیونکہ نرس نے بتایا تھا کہ وہ کس روم کے پاس ہیں

ایک آدمی روم کے باہر تھا اور تھوڑی دیر بعد ایک عورت باہر آئی جو کہ ابرش کی بہن تھی اور آپنے شوہر کے ساتھ وہاں سے چلی گئ --

ڈاکٹر انکل باہر آئے اور ساتھ ایک عورت بھی جو پریشان سی آپنے پیشنٹ کی کنڈیشن سے مطلق بات کر رہی تھی-- وہ آرام سے برامدے میں رکھی کرسیوں میں سے ایک پر بیٹھا تھا --اور موبائل پر انگلیاں چلاتے ہوئے کبھی

دیکھ بھی لیتا تھا۔۔ ڈاکٹر اسے دیکھ چکے تھے مگر بات کرتے ہوئے ویٹ کا اشارہ کر چکے تھے ۔۔

" تم -----؟ عقیل ہو؟؟ نا"--- نائلہ واپس آگئ تھی اور اسکے شوہر کے ہاتھ میں کچھ ڈرپس تھیں ۔۔

" جی"---- مگر آپ مجھے کیسے جانتی ہیں؟-- وہ حیران بھی ہوا اور پریشان بھی کیونکہ نائلہ رو رہی تھی پھر روتے کے درمیان اسنے سب بتا دیا ۔۔

عقیل کو ابرش کے ایکسیڈنٹ کا سن کر دل میں تکلیف کا احساس ہوا---

وہ ایک سکینڈ میں روم کھولتا ہوا جانا چاہتا تھا مگر کوئی غیر اخلاقی حرکت کرکے وہ شرمندگی کا سامنا نہیں کرنا چاہتا تھا کیونکہ ابرش کا بہنوئی بھی وہیں تھا -----

اسنے ڈاکٹر انکل کو خود کی طرف آتے دیکھ کر خود کو کمپوز کیا اور ان سے

-- بات کرکے گھر آگیا

رات ہو ہی چکی تھی اور ڈنر کا وقت تھا مگر وہ سوتا بن گیا-- عجزم پہلی دفعہ ٹرین کا سفر کرنے والا تھا اور نو بجے کی اسکی ٹرین تھی اور 7:30 تک وہ لوگ ڈنر کر لیتے تھے پونے نو عقیل اُٹھ کر تیار ہوا اور سفیر اور عجزم کو لیے

--اسٹیشن پر پہنچ گیا

ٹرین 10:00 بجے آئی تو عقیل نے انہیں سوار کیا اور گاڑی لیے گھر واپس آگیا --اب خود کو تھوڑا بہتر محسوس کرتے ہوئے اسنے اون میں کھانا گرم کیا

اور وہی کچن میں بیٹھا کھانے لگا

ابھی سفیر کا فون آیا ہے-- ٹرین میں بیٹھ گیا ہے وہ اور ٹرین سہی چلی تو "

کل 12 بجے وہ ہمارے گھر بھی آگیا ہوگا اور دوپہر کا کھانا ساتھ کھا سکے گا

وقت پر" ابو سے بات کرتے ہوئے ماما بہت پر جوش تھیں اور انکے مطابق
---کوئی دوست بھی آ رہا تھا سفیر بھائی کا

دو بستر اور رضیاں بھائی کے کمرے میں رکھ کے آتے ہوئے وہ سوچ رہی
تھی کہ اب وہ اور مہرو ایک ہفتے تک صرف کمرے تک ہی رہ سکیں گی اور
بھائی جب ان دونوں کو گھمانے لیکر جایا کریں گے تب گھر میں پھرنے کی
--آزادی ہوگی

--- عجزم کا سیٹ نمبر اٹھارہ تھا اوپر والی برتھ پر لیٹا وہ مسکرا رہا تھا
وقت دیکھنے کو موبائل جیب سے نکالا تو گلیری کھول لی جس میں اسنے
---پینٹنگ کی تصویر کھینچ کر رکھی ہوئے تھی

اسے کچھ دیر دیکھتے دیکھتے وہ سو گیا --- اور موبائل اسکے سینے پر اوندھا پڑا رہا----

---

وہ خود کو پوچھ رہا تھا کہ اخر اسے محبت کس سے ہے خود پر ہنستے ہوئے وہ --- پھر سریس ہوگیا

جواب صاف تھا اسے ابرش سے محبت تھی اور یسریٰ کی پاکیزکی اتنی پیاری تھی کہ اسنے اس سے شادی کا سوچ لیا تھا مگر -----وہ یسریٰ کو اب بلکل -- نہیں سوچنے والا تھا

وجہ نمبر ایک اسنے محبت کو پہچان لیا جان لیا نمبر دو اسے اس بات کا احساس تھا کہ اسکا اس لڑکی سے جوڑ نہیں بنتا تھا اور آخری چیز عجزم اس

سے محبت کرتا تھا اور وہ جان گیا تھا کہ اسے تو اس لڑکی سے محبت ہوئی ہی

-----نہیں وقتے جزبوں کا جوش تھنڈہ ہو چکا تھا کب کا

سوچتے سوچتے وہ بے چین سا ہوگیا

چاہے کبھی اسنے ابرش کو جواب نہیں دیا

چاہے کبھی اگے ہوکے بات نہیں کی مگر آج وہ کہنا بھی چاہتا تھا اور سننا

بھی چاہتا تھا ۔

بارہ کا گھنٹا چل رہا تھا اور وہ گاڑی نکال کر نکل گیا --ڈیڈی نے آواز سنی تو

چونک کر اٹھ گئے عمر ایسی تھی کہ نیند آتی نہیں تھی اور اگر اجائے تو آنکھ

کھولنے پر ٹوٹا ہوا جسم دوبارہ سونا چاہتا ہے وہ بھی دوبارہ انکھیں بند کر کے

لیٹ گئے۔ عقیل جہاں بھی گیا ہو انہیں اس پر یقین تھا

کاریڈور میں چل نہیں وہ بھاگ رہا تھا ۔روم کے باہر وہ رک گیا۔۔کھڑکی سے دیکھا تو ابرش کی مام وہاں لیٹی ہوئی تھیں اور اسکے پاپا کو اسنے اب تک دیکھا نہیں تھا ---

وہ اندر جانا چاہتا تھا بس ایک لمحے قریب سے دیکھنے --- دل کی بات ماننا اسان تھا مگر وہ نظروں میں آجاتا تو جانے لوگ اسکا اور ابرش کا نام ساتھ جوڑ کر کیا کیا کہتے---

اسکے ہاتھ میں بوکے بھی تھا ۔۔ جس میں ایک کارڈ رکھا تھا اور اس میں لکھا تھا " تم مجھے مجھ سے زیادہ جانتی ہو "---پندرہ منٹ کھڑا رہ کے وہ اندر آیا --- ٹیبل پر بوکے رکھا اور اس کے چہرے کو دیکھا جو کہ زردی میں گھلا تھا اسے پتا نہیں چلا کہ اسکی رائیٹ سایڈ والی آنکھ سے ایک آنسو ٹپک کر گر گیا ---اور ابرش کے ٹھنڈے ہاتھ کو چھو گیا

کوئی نہیں جانتا تھا عقیل کے آنے اور جانے کے مگر ہوا نے ابرش کو اٹھانا

--چاہا بتانا چاہا

عقیل کی مسلسل نظروں نے ابرش کی پلکوں کو لرزا دیا تھا---مگر آنکھیں

---کھول نہیں سکی وہ

--اس کو دیکھ کر وہ باہر آگیا اور گاڑی میں بیٹھ کر وہیں سوگیا

صبح ہوئی تو وہ چونکا پارکنگ میں کھڑی گاڑی میں وہ سویا پڑا تھا اور اسکے

چہرے پر آنسو کے نشانات تھے جو مرر میں صاف دکھ رہے تھے وہ حیران تھا

-----کہ وہ روتے ہوئے سویا تھا

وقت کو مزید گزرنے نہیں دے سکتا تھا گھر آیا تو ڈیڈی منتظر تھے اور اسکا

--چہرہ دیکھ کر چونک بھی گئے

عقیل---بیٹا کیا ہوا ہے"؟؟---کہاں گئے تھے روئے کیوں "

؟؟-----ہو

---فریش ہو کر آتا ہوں"--- پھر بتاوں گا "

جلدی جلدی شاور لے کر وہ باہر آیا اور ٹیبل پر ان چھوئے ناشتے کو دیکھ کر

-پریشانی سے ڈیڈی کو دیکھا

پہلے ناشتہ کرلیں "---- اور خود ہی شروع ہوگیا تو ڈیڈی بھی ہلکے ہوگئے "

--اور کھانے لگے

پھر عقیل نے انھیں سب بتا دیا--- اور ڈرائیور کو گاڑی نکالنے کا کہہ کر

نکل کھڑے ہوئے اور ہاسپٹل پہنچ کر ابرش کی ماں بہن سے ملے تو معلوم

--ہوا کیا کہ ابرش کو ہوش آگیا ہے

ان سے ڈیڈی کو جو بات کرنی تھی وہ انھوں نے ہاسپٹل میں ہی کرلی اور

گھر آنے کی بھی بات کرلی ابرش کے پاپا حیات نہیں تھے اس حقیقت سے

عقیل کو دکھ ہوا۔۔ اجازت لیتا ہوا وہ اندر ابرش کے پاس گیا ۔۔جس کے

ہاتھوں میں کل رات والا بوکے تھا اور ان سرخ گلابوں کا مطلب وہ خوب

سمجھتی تھی ۔۔

۔۔کیسی ہو؟" ۔۔۔۔۔پوچھتے ہوئے وہ اس کے پاس آ کھڑا ہوا "

۔۔تمہاری خوشبو نے مجھے پھر سے ہوش میں لا دیا" ابرش مسکرائی "

۔ تو کیا تمہیں میرا انتظار تھا؟" عقیل نے پوچھا "

۔ہاں" وہ بولی "

؟۔۔۔۔"کیا تم نے مجھے کل محسوس کیا تھا "

!!ہمم

مجھے تب ہی ہوش آگیا تھا مگر ڈریپس کا اثر بہت تھا تو میں آنکھیں کھول نہیں سکی---ابرش نے کہا تو کھانسنے بھی لگی --

وہ اپنا ماتھاپیٹ کر رہ گیا کہ کیوں بیچاری کو بلوائے جا رہا ہے-- اور بڑھ کر اسے پانی پلایا-- پانی پی کر اسنے آنکھیں بند کرلیں -- تھک گئی تھی وہ-- اسے چھوڑ کر وہ باہر جانے لگا تو اسنے اسکی ہلکی سی آواز میں کچھ کہا ہوا خود ہی بتا دے گی مجھے

تم جہاں کہنیں ہوگے

عقیل مڑا تو انکھیں کھولے وہ بھی اس ہی کی طرف دیکھ رہی تھی-- کچھ قدم چل کر وہ واپس آیا اور جیب سے ایک چین نکال لی اور ابرش کی مُٹھی میں اسے بند کر کے دھیرے سے سرگوشی کی

ڈیڈی کی بہو کے لیے" اور اسکے لال گلابی ہوتے چہرہ کو دیکھ کر وہ اُٹھ "
-- کر الٹے قدم چلنے لگا اور پھر مڑ کر دروازہ بند کرتا ہوا چلا گیا
صبح نو بجے تک رحیم یارخان آگیا تھا جہاں ٹرین ادھا گھنٹا رکنی تھی-- وہاں پر
سفیر اور وہ اتر کر تھوڑا اسٹیشن گھوم کر آگئے اور ناشتہ کر کے آرام سے بیٹھ
گئے-- رات کے بعد اب سفیر نے پھر فون کیا تو کسی نے جلدی اٹھایا
نہیں --- اسی لمحے ٹرین نے جھٹکا کھایا اور پھر رک گئی ۔مطلب کہ ٹرین
چلنے والی تھی -- سفیر کو پانی کا خیال آیا تو وہ بھاگ کر اتر گیا اور موبائل
عجزم کو پکڑا دیا --تاکہ خالہ کال بیک کرلیں تو عجزم پک کرلے-- عجزم اسکے
واپس آنے کا انتظار کر رہا تھا کیونکہ ٹرین دھیرے دھیرے چلنے لگی تھی
---اور اتنے میں موبائل بج گیا تھا

موبائل کے بجنے پر عجزم نے دیکھا تو انجان نمبر سے کال تھی--پھر بھی اسنے اٹھائی تو دوسری طرف سے سلام کیا گیا اور تعارف کر وایا گیا---آواز لڑکی کی تھی اور بلا شبہ اسی کی تھی---اسکے چپ رہنے پر دوسری طرف سے ہیلو کیا گیا---مگر وہ گم ہوگیا تھا---اور کال کٹ گئی---اور دوبارہ آنے لگی اب کے عجزم نے جلدی سے اُٹھالی

--اسلام ہ علیکم"--- کال اُٹھاتے وہ بولا "

--تو دوسری طرطرف خاموشی گہری ہوگئی

-------"میں عجزم ہوں--سفیر کا دوست "

---دوسری طرف خاموشی ہی رہی تو عجزم نے کان سے فون ہٹا کر دیکھا

آپ لوگ کہاں تک پوہنچے ماما پوچھ رہی ہیں "------ یسریٰ بولی تو اس کے "

---چہرے پر مسکراہٹ آگئی

رحیم یار خان سے ٹرین چلنے لگے تو عجزم نے سفیر کو دیکھنا چاہا ---اور کھڑکی

-- سے دیکھا تو بھاگتا ہوا سفیر سوار ہو رہا تھا

ٹرین رحیم یارخان سے چل پڑی ہے اور سفیر پانی لینے اترا تھا سو موبائل "

میرے پاس ہے" عجزم نے اسے بتایا اور یسریٰ نے اللہ حافظ کہ کال کاٹ

دی تو وہ منہ میں خداحافظ کہ کے رہ گیا ---اور اسلمے ہانپتا ہوا سفیر برتھ پر آ

----بیٹھا

اور جو پانی کی بوتل لایا تھا ---اس سے پانی پی کر عجزم کو دیکھا--جس نے

---- موبائل سفیر کی طرف بڑھا رکھا تھا

ابھی ہی کال آئی تھی-- مینے بتا دیا ہے " سفیر کے پکڑتے عجزم نے "

بتایا تھا

—

ابرش کی مام سے ڈیڈی نے ان دونوں کے رشتے کی با بات کرلی تھی ۔۔مگر ---باقعدہ رشتہ وہ ابرش کے ٹھیک ہو جانے پر لیکر جانے والے تھے

جس دن اسے ہوش آیا تھا اس دن پولیس اس سے پوچھ تاچھ کر کے گئی تھی اور عقیل نے بھی ساری تفصیلات سن کر آپنے طور کچھ کرنے کی ---کوشش کی

---- نائلہ کا شوہر اسجد ایک وڈیرے فیصل ایوب کے خلاف کیس لڑ رہا تھا اسکی جھوٹی عزت بہت تھی ۔۔مگر اسکا چولہ اتارنے کے لیے ثبوتوں کی ضرورت تھی جو اسنے خود فراہم کر دئے اور پولیس نے اس معاملے میں ہاتھ ڈال دیا ---مگر وہ کیسے آپنی عزت خراب ہونے دے سکتا تھا ---تو اسنے خود

کو نکال لیا مگر اس کے بیٹے نے اس کے لیے ایک مسئلہ کھڑا کر دیا ---

اس کے لڑکے نے جب آپنے باپ کے خلاف کچھ ثبوتوں کو پولیس کے

ہاتھ لگتا دیکھا تو کافی طیش میں آگیا --- فیصل ایوب نے خود کو نکال تو لیا

-- تھا مگر رمیز پولیس والوں یونہی جانے نہیں دے سکتا تھا

تو اسنے ایک پولیس والے کی بیٹی اغوا کرلی اور ساری رات اسے رکھا اور صبح

----- جانے دیا

--- اور اس لڑکی کے باپ شکیل نے کیس کر دیا

لڑکی کے ساتھ زیادتی نہیں کی گئی تھی مگر رات رکھا گیا تھا اور یہ بھی کوئی

-- چھوٹی بات نہیں تھی

فیصل ایوب بیٹا کا بیٹا جزباتی ہو کر صرف مسائل کھڑے کرتا تھا اسے کچھ

بھی ہینڈل کرنا نہیں تھا --- اب جب ان پر کیس تھا تو اسنے ایک اور

حماقت کی اور وہ تھی ابرش پر حملہ کروانے کی۔۔۔۔۔ جس سے بھی یہ کام

۔کروایا گیا تھا اس کو پکڑ لیا گیا اب اسجد کے لیے کیس جیتنا آسان ہوگیا تھا

ابرش ٹھیک ہو رہی تھی۔۔اور عقیل خوش تھا

سرگودھا میں اچھی خاصی سردی ہوا کرتی تھی مگر وہ جسم میں گھسنے والی

۔۔خشک سردی نہیں تھی

۔۔۔ابرش نے میرون رنگ کی فراک پہنی تھی اور ہم رنگ شال

وہ لان میں ہی تھی دروازہ بجا۔۔تھوڑی دیر پہلے ہی فون آیا تھا کہ سرگودھا کا

اسٹیشن آنے والا ہے ۔۔اور نوہد بھائی اسٹیشن پر ہی تھے

۔۔۔۔ اب یقیناً انہیں لیے آگئے ہیں

ابرش آگے ہوکر دروازہ کھولا تو نوید بھائی کچھ سامان اندر رکھا اور پھر وہ تینوں

--- اندر آئے تو ماما بھی آگئی اور پرجوش استقبال کے ساتھ اندر لے آئیں

----- اندر ابو بیٹھے تھے اور انہیں دیکھ کر کھڑے ہوگئے

-- یسریٰ نے جلدی سے چائے کا پوچھا

ہاں -- ہاں-- جاو بناو چائے-- ماما نے بولا تو جانے کو مڑی "

میں ابھی چائے نہیں پیو گا آنٹی"----- عجزم کی آواز پر وہ دوبارہ "

--- مڑی

سفیر کی بات سنتے ابو اور خاموش بیٹھے نوید بھائی -- سب نے عجزم کو

--- دیکھا

میں پہلے فریش ہونا چاہتا ہوں " سب کو دیکھتا پا کر اسنے وضاحت دی تو "

--ماما نے سفیر کو بھی نہانے کا مشورہ دیا کیونکہ ٹرین کے سفر سے انکے

---کپڑے مٹی والے ہوگئے تھے

عجزم نے آپنا نیا جوڑا جو کہ میرون شلوار قمیض تھا --بیگ سے نکال کے دیکھا

تو اسے یسریٰ کے پہنے ہوئے جوڑے کا خیال آیا-- نوید بھائی نے اٹھ کر ان

----دونوں کو اپنا کمرا دیکھایا اور انکا سامان رکھ دیا

عجزم اور سفیر جب تک فریش ہوئے دوپہر کے تین ہوگئے اور پھر کھانا لگا اور

سب مردوں نے ٹیبل پر کھایا اور یسریٰ دوبارہ نہیں دکھی اسکی ماما ہی

-- ضرورت کا پوچھتی رہی اور نوید بھائی نے بھرپور میزبانی نبھائی

سفیر کے سامان میں موجود کچھ چیزیں اس نے آنٹی کو دے دیں ---کیونکہ

--- وہ کچھ چیزیں دینے اور سرگودھا رہنے ہی آیا تھا اور عجزم ہونہی آگیا تھا

عجزم کے بارے میں انھوں نے شفیق صحاب کو بتایا تو اس رات کے لیے وہ

بہت شکرگزار ہوئے

اور تھوڑی دیر تک رات ہوگئ

چھوٹے سے دن تھے رات ہونی ہی تھی --کیونکہ سب نے لیٹ کھانا کھایا تھا

--- تو رات کو سب نے ہی معمولی سا کھایا

_

کمرے میں وہ مسلسل چلے جا رہی تھی --یا بات بہت جادوئی سی تھی کے

عجزم اسکے گھر تھا --اور اس نے اسے دیکھا بھی اور دروازہ بھی کھولا اور جب

---- وہ فریش ہو کر باہر نکلا تو اسنے اسے -چھپکے سے دیکھا بھی تھا

جب سب کھا چکے تھے تو اسنے چائے بنائی تھی سب کے لیے اور ماما نے

سفیر بھائی کے پوچھنے پر بتایا تھا کہ چائے اس نے بنائی ہے اور چونکے وہ

۔۔۔لوگ بھائی نوید کے کمرے میں تھے تو وہ باہر سے اندر جھانک رہی تھی

اور اسنے عجزم کو چائے پیتے دیکھا جو اسے پی کر مسکرا رہا تھا پھر اس نے

محسوس کیا کہ عجزم کی انکھیں کچھ کھوجتی ہوئی ہیں ۔۔۔۔۔

یسریٰ کے دیکھنے کا کمال تھا کہ اسنے اسی طرف دیکھا جہاں وہ کھڑی

تھی ۔۔۔

یسریٰ کو نئ پتا کہ وہ نظر آگئ تھی یا نہیں کیونکہ وہ جلدی سے وہاں سے

ہٹتی ہوئی آپنے کمرے میں آگئ تھی ۔۔۔مگر وہ دیکھ لی گئ اور تو اور دیکھنے

۔۔والے کی انکھیں بھی چمک گئیں اور چہرے پر مسکراہٹ بھی سج گئ

۔۔۔ اور نوید بھائی سے کچھ پوشیدہ نہیں رہا تھا

—

وہ سوچ کر تھک گئی تو پڑھنے بیٹھ گئی۔۔کافی دیر متھا کھپانے کے بعد بھی

۔۔۔اس سے پڑھا نہیں گیا تو اس نے وقت دیکھا

۔۔جانے گیارہ کب بجے تھے

وہ اُٹھ کر باہر نکل گئی۔۔کمرے سے۔۔اور لان میں جانے لگی کیونکہ اس

۔۔کی عادت تھی۔۔۔جب بھی سوچیں تھکاتیں وہ ٹہلنے کو لان میں نکل جاتی

—

وہ نوید بھائی سے مل کر بہت ہی خوش تھا اور باتوں میں مصروف تھا انکے ساتھ کیونکہ وہ تھکن محسوس نہیں کر رہا تھا تو نوید بھائی بھی باتوں میں لگے ہوئے تھے ۔۔البتہ سفیر سو گیا تھا ۔۔۔

وہ مزید باتیں کرتے مگر عجزم کے موبائل پر عقیل کی کال آنے لگی اور وہ نوید بھائی سے پوچھ کر لان میں چلا گیا اور عقیل سے باتوں میں لگ گیا اور جب کال ختم ہوئی تب بھی وہیں رہا ۔۔کیونکہ اسے سردی پسند آرہی تھی سرگودھا کی اور وہ اس کو انجوائے کر رہا تھا ۔۔

گھر کے پچھلے لان میں جا کر جھولے پر بیٹھ گئی کیونکہ ہوا چل رہی تھی۔۔اس نے دھیرے دھیرے جھولنا شروع کیا ۔۔تو اس لمحے عجزم بھی گھر کے پچھلے والے لان میں نکل آیا تھا ۔۔اور اسنے اسے جھولتے ہوئے دیکھا

تو بلکل سامنے کھڑا ہوگیا ---اور اسے دیکھنے لگا جو آنکھیں بند کئے جھولے پر بیٹھی تھی --

ایک جھٹکے وہ جھولے سے اتر گئی اور عجزم کے پاس سے ہو کر جانے لگی --وہ حیران پریشان سی بلکل ہی انجان سی ہوگئی تبھی عجزم نے اسے روک لیا ---

یسریٰ مڑی اور آپنا ہاتھ چھڑا لیا --- عجزم نے اسے جاتے دیکھا تو بے خودی میں ہاتھ پکڑ بیٹھا تھا ---مگر وہ شرمندہ تھا تو یسریٰ گھورنے کے علاوہ کچھ نہیں بولی --

سوری کے مین تمہیں ڈرا دیا---اور غلطی سے ہاتھ پکڑ بیٹھا" عجزم بہت " ہی شرمندہ ہوگیا تھا --

آپ کو چل کے سونا چاہئے --آپ کے لیے سردی میں کھڑے ہونا ٹھیک "

نہیں --جبکے آپنے پہلے ایسی سردی بھی نہیں دیکھی---وہ شاید معاف کر

-- چکی تھی -اور ویسے بھی عجزم شرمندہ ہوا اتنا ہی کافی تھا

مگر مجھے معاف نہیں کرو گی کیا"؟؟؟ اسنے بھی دوسری بات اگنور کر "

---کے آپنے کام کی بات کی

اٹس اوکے" بولتے ہوئے اسنے اپنی شال کو مزید اچھے اپنے گرد لپیٹ لیا "

----اور جانے لگی

بھائی کی کال سننے باہر آیا تھا----چائے بنا دو گی مجھے " عجزم نے "

--- جانے وضاحت کیوں دی مگر ایسا کرنا اسے ضروری لگا

--بنا دیتی ہوں" کہتے ہوئے چل پڑی تو عجزم نے آواز دی "

" تم نے بتایا نہیں کہ تم کیا کر رہی تھی-- عجزم نے پوچھا تو وہ رک گئی اور اسکی طرف مڑی--

" بتانا ضروری نہیں مگر ----میں پڑھ رہی تھی ---اور جب تھک جاتی ہوں یا الجھ جاتی ہوں تو اس جھولے پر آکر بیٹھ جاتی ہوں ----وہ بولی--

جاتے ہوئے وہ دوبارہ مڑی----

بھائی جاگ رہے ہیں ----؟؟

جاگ رہے تھے --شاید اب سو گئے ہوں- -

ہمم-----

" کیا میں بھی کچن میں آجاوں" ؟؟ عجزم پیچھے سے بولتا ہوا، سچ مچ کچن میں آگیا----

ایک نظر اسے کرسی پر بیٹھتے دیکھ کر وہ کہتے کہتے چپ ہوگئی، اور چائے

۔۔۔چھڑھانے لگی

جب تک چائے بن رہی ہے تب تک باتیں کرلیں ؟؟ عجزم نے مسلسل

۔۔۔ دیکھنے کے بعد پوچھا

" کیوں "؟؟؟

" یونہی دوستوں کی طرح "

" مگر ہم۔ دوست کب ہیں "؟؟

"تو بن جاتے ہیں "؟؟

مگر کس لیے ؟؟

کیا میں اچھا نہیں لگتا "؟؟ مطلب کیا دوستی کے قابل نہیں ہوں میں "

؟؟؟

---- اب کے چائے کی بجائے اس نے عجزم کی طرف دیکھا

؟؟ "مجھ سے دوستی کرنی ہی کیوں ہے "

کیا بتاوں" ؟؟؟ ------ "کبھی بھی کوئی بھی انسان کچھ بھی سوچ کر "

اچھا نہیں لگتا بلکہ اس لئے اچھا لگتا ہے کیونکہ وہ اچھا ہوتا ہے ---اس کی

اچھائی ہی اس کی طرف متوجہ کرتی ہے------ کبھی بھی دل کیسی کو

کبھی یونہی نہیں چاہتا ---یونہی نہیں سوچتا ---یونہی نہیں مانگتا- -اسے

دعاوں میں -----بلکہ وہ قابلِ محبت ہوتا ہے تو ہی اس سے محبت کی جاتی

ہے----- اور تم قابلِ محبت ہو- --اور مجھے تم سے محبت ہے" ---- اور

- ----مجھے تم سے دوستی کرنے میں دلچسپی ہے

Let me tell at least one thing..." If I cantinue

this way will you love me "???......

چلو مجھے ایک چیز بتا ہی دو---" اگر میں تم سے محبت کرتا رہوں --تو کیا (

)؟؟؟"تم بھی کرو گی

وہ ایک دم سن ہوگئی---- اس کے گال گلال ہوگئے---چائے کی خوشبو

نے اسے احساس دلایا تو چائے چھان کر اسنے عجزم کے سامنے کپ رکھ دیا

-----اور جلدی سے باہر نکل گئی--بستر میں اچھے سے خود کو کور کر کے

بھی---- جیسے وہ کچن میں ہی رہ گئی تھی

—

----- جو وہ کہ چکا تھا خود بھی حیران تھا کہ اسنے اتنی باتیں کیسے کرلیں

چائے کے کپ کو لبوں سے لگائے ہوئے وہ نظر ضرور آتا تھا---مگر کچن

--- سے اُٹھ آنے کے باوجود وہ وہی تھا

اپنے الفاظ یاد کر کے وہ سوچ رہا تھا کہ اتنی باتیں تو کبھی کسی سے نہیں کی تھیں---یہ سب کیسے کہ دیا مگر پھر وہ سوگیا

صبح اُٹھا تو اسے چھینکیں لگ گئیں --

یسریٰ بلکل سہی کہ رہی تھی ، اس کا اندازہ ہو رہا تھا اس کو اس لئے آنٹی نے اس کو گرین ٹی بنا دی--جس سے کچھ بہتری محسوس ہوئی تو وہ نوید بھائی اور سفیر کے ساتھ گھومنے نکل کھڑا ہوا --

کہنے کو سرگودھا چھوٹا سا شہر ہے --مگر عجزم کے لئے اس چھوٹے سے شہر میں گھومنا اہم تھا اول تو یہ کہ وہ وہاں پہلی بار آیا تھا دوم وہ شہرِ محبوب میں تھا --

اور اس کے لئے یہ بھی خاص تھا کہ وہ ایک ہی شہر میں موجود تھے اور ایک

ہی ہوا میں سانس لے رہے تھے۔

اسکا سرگودھا میں دوسرا دن تھا اور وہ شہر گھوم رہا تھا کہ اس نے سوچا آپنے

پیارے میزبانوں کے لیے کچھ خریدے سو وہ نوید بھائی اور سفیر سے اجازت

لیتا ہوا الگ چل پڑا----

سب سے پہلے وہ ایک شالوں کی دوکان میں داخل ہوا اور بہت سوچنے کے

بعد ایک پیاری اور سمپل شال خرید لی جسکا رنگ مہرون تھا اور نازک سی

کڑھائی ہوئی وی تھی---

اسے پیک کر وا کے اس کی نظر دستانوں پر پڑی جو بہت زبرست گرم والے

تھے-----اور اسی سے اسکو یاد آئے یسریٰ کے پاپا

--- رات کا وقت تھا اور باتیں کرنے کا مزہ آ رہا تھا

نوید بھائی نے انکل کو جلدی گھر کی فکروں سے آزاد کردیا تھا سو وہ اب آرام کرتے تھے--

--مگر عجزم نے انکے کانپتے ہاتھوں کو دیکھا تو اُسے تشویش ہوئی

" آپ کے ہاتھوں کو کیا ہوا ہے یہ کانپ کیوں رہے ہیں ؟؟! پوچھتے ہوئے وہ مسلسل ان کے ہاتھوں کو دیکھ رہا تھا ---

--- اسکی بات کا جواب نوید بھائی نے دیا تھا

" ابو کے ساتھ ایسے ہی ہوتا رہتا ہے سردیوں میں "------ " ان کے ہاتھ کانپتے ہیں مگر یہ پرواہ نہیں کرتے جبکہ ہم انہیں گلوز بار بار دیتے ہیں یا خود ہی پہننا دہتے ہیں "-------

" یہ اچھی بات نہیں ہے انکل"------ عجزم نے ناراض بچوں کی طرح منہ بنایا تو وہ ہنس پڑے--اور احتیاط کا وعدہ کرتے ہوئے گلوز پہنے مگر

عجزم کے نزدیک ان گلوز کی گرمائش ناکافی تھی سو اسنے گلوز بھی خریدے

اسی طرح کچھ گفٹ وغیرہ لے کر وہ واپس آگیا

وہ گیٹ سے اندر جانے والا تھا کہ اس نے ایک رکشہ کو رکتے دیکھا۔۔۔ اس میں سے ایک گاؤن والی لڑکی باہر نکلی ۔۔۔جس نے حجاب کیا ہوا تھا مگر نقاب نہ ہونے کی وجہ سے وہ پہچان گیا کہ وہ یسریٰ تھی۔۔وہ گیٹ کی ۔۔طرف آئی تو اس نے اسے راستہ دیا

" تو۔۔۔پہلے بڑوں کو سلام کرتے ہیں "۔۔۔ پیچھے سے کہتا ہوا وہ آنے لگا

----وہ ایک دم سے مڑی

۔۔۔ بڑی مشکل سے عجزم نے خود کو بچایا

اسلام و علیکم"!! ---- کہتے ہوئے وہ چلنے کو مڑگئی تو وہ بھی پیچھے آنے "

لگا---

آنٹی کچن میں تھیں اور انکل کمرے میں نوید اور سفیر ابھی نہیں آئے تھے

----- سو اس نے شاپنگ کے شاپرز کو اپنی چیزوں میں رکھا

وہ صبح کالج جاتے ہوئے عجزم کے بارے میں سوچتی ہوئی گئی تھی--کیونکہ

عجزم کی کہی ہر بات بار بار اسے سنتی رہی اور سوچتی رہے کہ وہ کیسے کہے

کہ وہ بھی اسیرِ محبت ہے -- وہ مسافر ہے ان راہوں کی---وہ بھی اس

--احساس کو دل میں رکھتی ہے اور انہیں کو خود میں لیے چلتی ہے

--وہ بھی تو روتی ہے ہنستی ہے--اس میں محبت بستی ہے

اس کیے لئے یہ سکون کی بات تھی کہ اس کی محبت یک طرفہ نہیں مگر

---- عجزم بے سکون تھا کیونکہ اس کو جاننا تھا

دوپہر کے کھانے کے لیے یسریٰ نے ماما کی مدد کی سلاد کاٹی--روٹیاں بنائی
-- اور پھر کھانے کے بعد برتن بھی دھونے تھے
کھانا تیار ہوا تو اس نے ٹیبل سیٹ کردی پانی رکھا برتن رکھے--سالن کا برتن
ماما نے رکھ دیا--اور روٹیوں کا ہاٹ پاٹ لے جانے کے بعد بھائی کو بتا کر
----وہ کمرے میں چلی گئی--اپنا اور مہرو کا کھانا ٹرے میں لے کر

ابرش کے سلسلے میں عقیل ہر صورت فیصل کے بیٹے کو اندر کروانا چاہتا تھا
اور کیونکہ وہ بیوقوف کیس خراب کر چکا تھا سو اسجد آسانی سے کیس جیت
---گیا اور فیصل ایوب کے دیے ثبوت جھوٹے ثابت ہوگئے
عقیل نے تو پولیس سے کہ کر فیصل اور اسکے بیٹے کو اچھی مار کھلوائی اور یہ
سب اپنے ہاتھوں سے کرنا چاہتا تھا مگر ابرش نے روک دیا

—

اندازاً مہنہ تو ابرش کو ٹھیک ہونے میں لگنا ہے اور پھر تین دن رہ گئے "

ہیں تمہارے آنے میں مس یو یار"---- عجزم سے بباتیں کرتے ہوئے وہ

بہت اچھے موڈ میں تھا

عجزم اور عقیل کیوں کہ ایک دوسرے کے بہت قریب تھے سو ایک

دوسرے کے بغیر کبھی نہیں رہے تھے --مگر پہلی دفعہ عجزم کہنیں اس

کے بغیر گیا تھا تو دونوں ہی ایک دوسرے کو یاد کر رہے تھے اور فون بھی

---کرتے رہے تھے

—

شام کی چائے پر یسریٰ کے سوا سب ہی بیٹھے تھے سو عجزم گفٹ والے

شاپنگ بیگز اُٹھا کے لے آیا

---آنٹی یہ آپکے لیے ---" اسنے ٹی سیٹ والا شاپنگ بیگ انہیں دیا"

کیونکہ مجھے چائے پینے کا شوق -----آپ کے گھر چائے سے ہوا ---اور "

---گھریلو کیوں کہ وہ عورت تھیں سو انہیں یہ تحفہ پسند آیا

اور آپ کے لیے گلوز لایا ہوں"---- اور انہیں آپ ضرور پہنیں "

گے-----کہتے ہوئے عجزم نے شاپر انہیں پکڑایا تو وہ مسکرا دیے --بولے

---- کچھ نہیں

---- اب اس نے ایک شاپر نوید کی طرف بڑھایا

نوید بھائی نے کچھ دیر کی پکڑنے میں اور کھولا تو اس میں لانگ کوٹ تھا

کیونکہ مجھے ڈاکٹر لانگ کوٹ میں اچھے لگتے ہیں سو آپ کے لیے یہ خریدا "
ہے"۔۔۔۔۔ عجزم مسکرایا تو نوید بھائی نے اس کو اُٹھ کر گلے لگالیا

۔۔۔۔۔۔۔۔

سفیر کو اس نے گھڑی گفٹ کی جس پر وہ ہنس کر رہ گیا کہ اس کو گفٹ
دینے کی کیا ضرورت تھی۔۔۔۔۔
اور پھر اسنے دو شاپنگ بیگز آنٹی کو پکڑائے ایک میں یسریٰ کے لیے خریدی
ہوئی شال تھی اور ایک میں مہرو کے لئے ڈول ہاوس،۔۔۔۔۔۔۔۔جس پر مہرو
بہت خوش ہوئی اور عجزم کی فرامائش پر اسنے عجزم کے گال پر پیار بھی کیا

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اس کا آخری دن تھا سرگودھا میں سو وہ سامان پیک کر رہا تھا کیونکہ وہ جلدی اُٹھا تھا سو ابھی صبح تازہ تھی---- فرسٹ ڈے کے بعد وہ روز جلدی اُٹھ جاتا تھا تا کہ کالج جاتی یسریٰ کو دیکھ سکے---

اور ایک دن تو گھر سے وہ نکلا ہی اس نیت سے تھا کہ اس کو یسریٰ کے کالج کا پتا چل جائے مگر جب اسے شہر کا پتا ہی نہیں تھا تو کیسے کسی اسکول کالج جا سکتا تھا ---تو کچھ گھنٹے پھرتا رہا اور ایک کلاسک سونگ گاتا رہا--

میں تیرے اجنبی شہر میں

ڈھونڈتا پھر رہا ہوں تجھے

مجھ کو آواز دے

مجھ کو آواز دے

مگر آج اسکا آخری دن تھا اور واپس بھی وہ ٹرین سے جا رہے تھے ---اور ----شام پانچ بجے کی ٹرین تھی انکی

سامان چیک کر کے وہ مڑا تو یسریٰ دروازے میں کھڑی اسے ہی دیکھ رہی تھی اور پھر مسکرائی اور اسنے اپنا ہاتھ اگے کیا جس میں ایک گفٹ تھا اس کے لیے --

وہ مسکرا کے اسکے سامنے جا کھڑا ہوا

تو کب سے کھڑی ہو"؟؟؟ عکزم نے کالج یونیفام والی لڑکی کو مسکرا کے " دیکھا --

آپ نے ہم سب کو گفٹ دیا سو یہ گفٹ آپکے لیے "------ کہتے " ہوئے ہاتھ پھر اگے کیا اسنے تو عجزم نے پکڑ ہی لیا مگر وہ منتظر نظروں سے دیکھتا رہا تو----یسریٰ کو کہنا پڑا

----"زیادہ دیر نہیں ہوئی "

---اوکے

--وہ مڑی تو عجزم نے پیچھے سے کہا

کب تک ایسا ہوگا---کہ میں تمہاری پشت دیکھوں گا اور تم چلی جاؤ "

---"گی

کیوں تم ہمیشہ پہلے چلی جاتی ہو مجھے کھڑا چھوڑ کے"؟؟؟ اب کے اسنے "

----پوری شدت سے سوال کیا جیسے جواب لے کر رہے گا

--اب کے وہ مڑی تو آنکھ میں سے ایک آنسو نکل کر گال پر پھسل گیا

کیونکہ میں برداشت نہیں کر سکتی آپکا چلے جانا---اتنی بہادر نہیں ہوں" "

---کہتے وقت لہجا کانپ سا رہا تھا

؟؟؟ عجزم نے حیرانی سے دیکھا کہ کیا وہ بھی

--دل نے کہا ہاں وہ بھی تم سے محبت کرتی ہے

—

-- جب اسٹیشن پر ٹرین آئی تو نوید مطلوبہ ڈبے کی طرف سامان اُٹھا کر بھاگا اور ان دونوں کو سوار کر کے ٹرین سے اتر آیا---اب وہ انکی کھڑکی کے باہر کھڑا ان سے باتیں کر رہا تھا ---

جب ٹرین چل پڑی تو عجزم نے وہ گفٹ نکالا اس ریپر میں ایک رائیٹنگ پیڈ تھا ---

اور کچھ لکھا بھی ہوا تھا ---

جو کہ بے شک یسریٰ نے ہی لکھا تھا ---

اس نے نوٹ پیڈ پر اس کا لکھا ہوا مسکراتے ہوئے پڑھا---

میں کیسے کہتی ،------- کہ مجھے آپ سے محبت ہے ------- میں "

------- "اتنی بہادر نہیں ہوں

محبت سے بھرا یہ دل

تیری یادوں میں گھِرا دل

میرا نہ اب رہا دل

ہاں میرا دل، یہ میرا دل

----- مختصر سے اسکے الفاظ تھے مگر عجزم کو پڑھ کر بہت خوشی ہوئی تھی

----- وہ واپس حیدرہ آباد پہنچے تو ڈیڈی بھی اسٹیشن آئے ہوئے تھے

ڈیڈی کو عقیل سب بتا چکا تھا سو اب ان کو عقیل کی وجہ سے عجزم کی

--- فیلنگز بھی پتا تھیں

---ڈنر کے بعد ڈیڈی نے عجزم کو کمرے میں بلا لیا

تم سرگودھا گئے تھے تو کام بنا " ٹو دا پوائنٹ بات کرنا انکی عادت تھی "

----سو عجزم کے آتے ہی وہ بولے

---آپ کو سب پتا ہے " عجزم نے تعجب سے پوچھا "

" یہ چھوٹی بات نہیں --- عقیل بتا چکا ہے "

---تو کیا آپ میرا رشتہ وہاں کردیں گے"؟؟ پوچھتے ہوئے وہ شرمایا "

تم سچ میں سریس ہو" ڈیڈی نے جانچتی نظروں سے دیکھا تو عجزم مزید سیدھا "

----اور ایکٹو ہوگیا

----جی"--- کہتے ہوئے اسنے انکھوں میں دیکھا "

ٹھیک ہے پھر" ----سکون سے کہتے ہوئے ڈیڈی مزید بولے--"نکاح "

----کرنا ہوگا ---میں منگنی پر یقین نہیں رکھتا

--یہ تو زبردست ہوگیا" عجزم جوش سے بڑبڑایا "

---کیا کہ رہو ہو؟؟--- ہاں کرو یا بھول جاو---ڈیڈی سنجیدہ ہوئے "

میری ہاں ہے" عجزم نے شریف بچوں کی طرح کہا تو ڈیڈی خوش ہوگئے "

ابرش ڈسچارج ہو جائے پھر عقیل کا رشتہ لے کر جاوں گا--اور پھر تمہارا--- اپنی بات مکمل کر کے ڈیڈی کندھے پر ہاتھ رکھتے ہوئے اسے گلے سے لگا چکے تھے ----

---

—

---- عجزم کو حیدرہ آباد گئے دو مہینے ہو چکے تھے

آپنی انگلیوں پر اس نے سب گن رکھا تھا اور اسے عجزم کا انتظار پوری شدت سے تھا۔۔۔کل انکے گھر کچھ مہمان آرہے تھے مگر اسے کوئی انڑسٹ نہیں تھا نا ہی کسی نے بھی اسے کچھ بتایا ۔۔۔۔۔۔

جب ماما نے اسے اچھے سے تیار ہونے کا حکم دیا تو اسے بات سمجھ آئی مگر کرنا وہی تھا جو حکم ملا تھا۔۔۔فروری کا آخر چل رہا تھا سردی تھی بھی اور نہیں بھی اسنے ماما کے کہنے پر اناری رنگ کا فراک پہن لیا جسکے ساتھ چوڑی دار پاجامہ تھا اور پھر اسنے عجزم کی گفٹ کی ہوئی شال پہن لی ۔۔۔۔

—

"۔۔کیسی ہو"؟؟ لکھ کر اسنے حال پوچھا "

"۔۔بلکل ٹھیک ہوں" لکھتے ہوئے ابرش مسکرائی "

اب وہ کافی بہتر ہوگئی تھی ---- اور اب عقیل سے میسج پر بات ہو جاتی تھی کبھی کبھی وہ کال کرنے کی زد کرتا تھا مگر مجبور نہیں کرتا تھا سو یوں انکی کہانی چل رہی تھی---

بات تو والدین میں ہوگئی تھی--مگر سہی سے بات ہونی تھی--اور انہی دونوں ڈیڈی نے سرگودھا جانے کا پلین کر کے وہ عجزم کے ساتھ نکل گئے---

---

_

مہمان آچکے تھے اور تھوڑی دیر تک اسے وہاں حاظری دینی تھی---اندر روحیل عنصر رشتے کی بات کر چکے تھے---اور پھر یسریٰ اندر سلام کرنے گئی تو حیران رہ گئی اور عجزم مبہوت رہ گیا ---

روحیل عنصر نے بات کرلی تھی اور انہیں بس ہاں چاہیئے تھی اور وہی سن کے وہ اٹھے تھے---

---

—

اپریل کا وسط جا رہا تھا اور روحیل عنصر نے ایک ہی دن آپنے دونوں بیٹوں کا نکاح رکھا تھا بس فرق اتنا تھا کہ ابرش رخصتی کرواکے آجاتی اور یسریٰ کی رخصتی دو سال بعد کی ڈیسائڈ کی گئی---

---

اٹھارہ اپریل

جب وہ چاروں اسٹیج پر لائے گئے--

ابرش نے روایتی لہنگا پہنا تھا جبکہ یسریٰ نے سرخ کامدار فراک پہنی تھی اور

-----دونوں دلہاوں نے نفیس کُرتے پہنے تھے

--وہ دونوں جوڑے ہی بہت خوبصورت تھے

یسریٰ اور عجزم کیوں کہ چھوٹے تھے تو دونوں ہی شرمائے تھے اور

----بس مسکرا رہے تھے

جبکے مہمانوں سے نظر بچا کے اور مسکرا مسکرا کے عقیل اور ابرش باتیں کر

----رہے تھے

مگر کچھ کہنا تو عجزم کو بھی تھا سو اس نے سامنے دیکھتے ہوئے دھیرے

----سے یسریٰ سے کہا--" تمھیں پتا ہے نا--کہ نکاح کتنا معتبر ہے؟!!

تو جب ڈیڈی نے کہا کہ میں یقین ہی نکاح پر کرتا ہوں اور نکاح کرنے کی

ہمت ہے مطلب وہ دیکھنا چاہتے تھے کہ میں کس حد تک سریس ہوں۔۔تو مینے کہ دیا تھا کہ کروادیں نکاح۔۔۔اور آج محبت معتبر ہوگئی ہے۔۔۔۔کیونکہ ہمارے نکاح نے اِسے مضبوط کر دیا ہے " اس کی پیاری بات نے یسریٰ کو اسکی طرف دیکھنے پر مجبور کر دیا۔۔۔اور جب وہ مسکراتے ہوئے ایک دوسرے کی طرف دیکھ رہے تھے تو یہ منظر کیمرے میں کلک ہوگیا

***